simcoe muskoka
DISTRICT HEALTH UNIT

www.smdhu.org/GetBoosted



ہماری کمیونٹی میں کووڈ-19 وائرس اب بھی پھیل رہا ہے، جس کی وجہ سے ہر فرد کے لیے یہ ضروری ہو گیا ہے کہ وہ خود کو اور دوسروں کو اس وائرس کی زد میں آنے اور شدید بیمار پڑنے سے بچائیں۔

کووڈ- 19 کے ٹیکے کی تجویز کردہ تمام خوراکیں، بشمول بوسٹر خوراک، لینے سے آپ کی آپ کے افراد خاندان اور احباب کی حفاظت ہوگی۔

ہمیں یہ پتہ چلا ہے کہ کووڈ-19 کے ٹیکے سے ملنے والا تحفظ اور کووڈ-19 کے بعد ہمیں حاصل ہونے والی قوت مدافعت وقت کے ساتھ ساتھ کم ہوتی جاتی ہے۔ جیسے ہی ہم مزید جانیں گے ٹیکے کی سفارشات میں تبدیلی ہو گی۔

ٹیکے کی بوسٹر خوراکیں مقامی ٹیکہ کاری کلینکس، دوا خانہ اور کچھ ڈاکٹروں کے دفاتر میں دستیاب ہیں۔

آپ ہیلتھ کارڈ کے بغیر ٹیکہ لگوا سکتے ہیں۔ آپ کوصرف اپنی شناخت اور پتہ کا ثبوت فراہم کرنے کی ضرورت ہے۔

ٹیکہ لگوانے کے مرکز پر جانے کے لیے مفت ٹرانسپورٹ کی سہولت دستیاب ہے۔

ترجمانی کی معاونت کلینکس پر دستیاب ہے، تاہم اگر آپ چاہیں تو ترجمانی میں مدد کے لیے کسی معاون شخص کو ساتھ لانے کا خیرمقدم ہے۔

کناڈا کے محکمہ صحت یا حکومت اونٹاریو جیسے ذرائع سے ٹیکہ کے بارے میں قابل اعتماد معلومات حاصل کریں۔

بوسٹر خوراک لینا محفوظ ہے، جس میں ایسے ضمنی اثرات لاحق ہونے کی توقع نہیں ہے جو آپ کو کووڈ-19 ٹیکے کی دوسری خوراکوں سے لاحق ہونے توقع ہوتی ہے۔